میں چار صفات پائی جانی چاہئیں: اختصار، وضاحت، جامعیت اور دلکشی یعنی:
ایسا مختصر ہو کہ کم سے کم کلمات پر مشتمل ہو۔
۔ایسا واضح ہو کہ اس میں کسی قسم کا ابہام نہ ہو۔ اس کے حدود اربعہ واضح اور متعین ہوں۔ مثلاً وہ اس طرح کا نام نہ ہو: ''برصغیر کی جدید تاریخ کے خدوخال'' یا ''بعض جدید ادبی نظریات کا مطالعہ''۔ اس طرح کے عنوانات پہلے قدم سے ہی طالبعلم کے لیے مشکل پیدا کر دیتے ہیں۔
۔ایسا جامع اور پر مغز ہو کہ اس کے الفاظ سے تحقیق کی جزئیات و تفصیلات جھلکتی ہوں اور وہ تحقیق کے ذیلی عنوانات کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہو۔
۔ایسا دلکش، انوکھا اور جاذب نظر ہو کہ پہلی نظر میں قاری کو اپنی طرف متوجہ کر لے۔
ذیل میں دی گئی چند مثالیں ملاحظہ کیجئے اور دیکھئے کون سا "عنوان" آپ کو پوری کتاب پڑھنے پر ابھارتا ہے:

۱۔آپ بیتی

۲۔کاروانِ زندگی

۳۔بیس ملکوں کا سفر نامہ

۴۔جہانِ دیدہ

۵۔سقوطِ ڈھاکہ کی رُوداد

۶۔میں نے ڈھاکہ ڈوبتے دیکھا

۷۔ایک نو مسلم کی داستانِ ایمان

۸۔گنگا سے زمزم تک

www.alghanipublisher.com